۵

شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ

کراچی یونیورسٹی کراچی

۵

مرتبہ

آفتاب حسن

ناظم

شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ

کراچی یونیورسٹی کراچی

تعداد طباعت ۵۰۰

قیمت . . . . Rs 60/-

ٹیکنکل پرنٹرز
کوچہ حاجی عثمانی، میکلوڈ روڈ، کراچی ۱
فون: ۳۷۷۰۸

فہرست مضامین

۱ - اردو میں عربی اور فارسی کے ترجمے ...	...	عبیداللہ قدسی	صفحہ	۱
۲ - اصول وضع اصطلاحات ...	...	...	صفحہ	۹
۳ - اصطلاحات تاریخ و سیاسیات و عمرانیات ...	...	...	صفحہ	۱۱
۴ - اصطلاحات معاشیات و تجارت ...	...	...	صفحہ	۲۵
۵ - اصطلاحات نفسیات	...	...	صفحہ	۳۵
۶ - اصطلاحات جغرافیہ و ارضیات ...	...	...	صفحہ	۳۹
۷ - اصطلاحات حیاتیات	...	...	صفحہ	۴۷
۸ - اصطلاحات طب	...	...	صفحہ	۸۱
۹ - اصطلاحات کیمیا و صنائع کیمیا ...	...	...	صفحہ	۱۰۱
۱۰ - فرہنگ فلسفہ	...	...	صفحہ	۱۰۹

اردو میں عربی اور فارسی کے ترجمے

از

عبیداللہ قدسی

ہر زبان اپنا مذہب، اپنی تہذیب، اپنا وطن اور اپنا مزاج رکھتی ہے۔ قوموں کے عروج و زوال کی تاریخ سے زبان کے عروج و زوال کی داستان وابستہ ہے۔ اگر آپ کسی زبان کی تاریخ دھرائیں گے تو اس کے ساتھ ایک قوم، ایک ملک اور ایک مذہب کی تاریخ ضرور دھرانا پڑے گی۔ ملک، قوم اور مذہب کے امتزاج سے جو اثرات پیدا ہوتے ہیں وہ اس زبان کا مزاج ہوتا ہے۔

اردو زبان بھی اپنا مزاج رکھتی ہے اور اس کے مزاج میں اسلامی مذہب، اسلامی تمدن، اور مسلمانوں کی ملکی خصوصیات کا عنصر غالب رہا ہے۔ عربی زبان اردو کے مزاج سے بالکل قریب تھی اور اکثر باتوں میں اشتراک تھا اس لیے عربی کا لا زوال اثر اردو پر رہا، بلکہ اردو کی پرورش ہی عربی کے سایہ میں ہوئی۔ یہ کہا جاسکتا ہے کہ اردو نے فارسی کے پیٹ سے جنم لیا اور فارسی بولنے والوں نے اسے پروان چڑھایا ہے' لیکن اگر آپ غور سے دیکھیں گے تو وہ فارسی بھی عربی کی انگلی پکڑ کر چلتی تھی اور عربی ہی کی داشتہ و پروردہ تھی، خصوصاً ہندوستان کی فارسی۔ اگر آپ اپنے پہلے قافلے اور سابقین و اولین سے قطع نظر کرلیں تو بھی پٹھان اور مغل فاتح اگرچہ فارسی اپنے ساتھ لائے لیکن شیراز و اصفہان کی فارسی ان کی فارسی نہیں تھی بلکہ فارسی کو پراکرت کی طرح استعمال کرتے ہوئے آئے تھے، ورنہ علماء و فقہاء عربی میں لکھتے پڑھتے تھے۔ خود ایران میں بھی شعر و شاعری کے علاوہ علمی و فنی کتابیں زیادہ تر عربی میں لکھی گئیں۔ چنانچہ ہندوستان میں بھی جب تک فارسی کا دور دورہ رہا، علوم و فنون کے لیے زیادہ تر عربی کو اختیار کیا گیا۔ دور انحطاط میں فارسی زبان میں بھی علمی کتابیں لکھی گئیں' لیکن ان میں زیادہ تر عربی سے تراجم تھے اور باقی تاریخ و فقہ کی کتابیں تھیں۔

اس اجمال کی تفصیل پر اگر نظر ڈالیے تو معلوم ہوگا کہ محمد بن قاسم نے سنہ ۱۲-۷۱۱ع میں ہندوستان پر حملہ کیا۔ اس کے بعد تین صدیوں تک سندھ پر عربوں کی حکومت رہی اور یہ علاقہ مسلمانوں کی عظیم الشان حکومت کا جزو بنا رہا' جس کا مرکز دمشق اور پھر بغداد تھا (۱)۔

ابن حوقل اور اصطخری کے قول کے مطابق صفاریوں کے زمانے میں یعنی چوتھی صدی کے وسط تک ملتان اور منصورہ کے لوگ عربی اور سندھی زبان بولتے تھے، اور مکرانی لوگ فارسی مکرانی زبان بولتے تھے (۲)، بلکہ تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ چوتھی صدی کے آخر میں

(۱) ڈاکٹر سید عبداللہ، ادبیات فارسی میں ہندوں کا حصہ ص ایک۔

(۲) ابن حوقل بغدادی ص ۲۶۲ لندن۔

دیلمیوں کے عروج تک منصورہ کی ریاست میں عربی اپنا قدم جمائے ہوئے تھی۔ تاجر' سندھی اور عربی ھی کے ذریعہ اپنا کاروبار چلاتے تھے (۳) ۔

اس کے بعد چھ سو سال تک یعنی اکبری دور تک فارسی کا رواج نہیں ہوا (۴) ۔ چنانچہ محمود خان شیرانی کی یہ رائے بالکل صائب ھے کہ مغلوں سے پہلے ھمیں ھندووں میں درکنار خود مسلمانوں میں فارسی کے متعلق وہ ادبی کارنامے نہیں ملتے جو دور مغلیہ کا طرۂ امتیاز ھیں (۵)۔

اس حقیقت سے کون انکار کرسکتا ھے کہ پٹھانوں کو فارسی سے نفرت تھی ۔ افغانوں اور بیجاپور کے سنی حکمرانوں کے عہد میں فارسی کی بجائے ھندی کی سرپرستی ہوئی ۔ چنانچہ ابراھیم عادل شاہ نے فارسی کی جگہ ھندی کو جاری کیا (۶) ۔ اس طرح دکن میں اردو کی داغ بیل پڑی، اور اردو کو فروغ ہوا ۔

ھندوستان میں جب فارسی زبان کا رواج ہوا تو اس وقت بھی فارسی، علوم و فنون کی زبان نہیں تھی ' بلکہ شعر و شاعری کی اور دفتری زبان تھی۔ فارسی کے دور میں عربی سے فارسی میں کتابوں کا ترجمہ شروع ہوا اور کچھ علمی کتابیں فارسی میں منتقل ہوئیں' لہذا جب اردو نے ترقی کی تو اردو میں فارسی ادب کا چربہ اتارا گیا ' لیکن علوم و فنون تمام عربی سے آئے ۔

ڈاکٹر نذیر احمد نے حال ھی میں "تاریخی و ادبی مطالعہ" میں اس حقیقت کو واضح کیا ھے ۔ وہ لکھتے ھیں، اردو ادب فارسی ادب کا چربہ ھے ۔ اردو ادب کا ھر بڑا شاعر و ادیب اصلاً فارسی کا شاعر تھا۔ میر، سودا، درد، غالب اور اقبال وغیرہ نے فارسی میں اتنا ھی لکھا ھے جتنا اردو میں (۷) ۔

شاھنامے اور دوسری رزمیہ داستانوں کے فارسی سے اردو میں ترجمے ہوئے ۔

طویل داستانیں اردو میں فارسی سے آئیں ۔

عشقیہ داستانیں فارسی سے اردو میں منتقل ہوئیں۔ چنانچہ ابتدا ھی سے دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ھے ملک خوشنود نے بہرام کی داستان کے لیے امیر خسرو کی مثنوی ھشت بہشت کا انتخاب کیا ۔ ملک نے سنہ ۱۰۵۶ ھ میں بیجاپور میں اسے اردو میں منتقل کیا۔ سنہ ۱۰۸۱ ھ میں طبعی نے نظامی گنجوی کی مثنوی "ھفت پیکر" کا ترجمہ "بہرام و گل اندام" کے نام سے کیا (۸) ۔

---

(۳) بشاری مقدسی، احسن التقاسیم ص ۴۸۱ لندن ۔
(۴) ڈاکٹر سید عبداللہ ادبیات فارسی میں ھندووں کا حصہ ص ۳ ۔
(۵) محمود خان شیرانی، پنجاب میں اردو، لاھور ۔
(۶) خافی خان' منتخب اللباب ج ۳ ص ۳۰۷ ۔
(۷) ڈاکٹر نذیر احمد تاریخی و ادبی مطالعے ص ۱۰۲ ۔
(۸) ڈاکٹر نذیر احمد تاریخی و ادبی مطالعے ص ۱۰۳ ۔

اس برصغیر کے علم و ادب کا ہم ایک اور حیثیت سے بھی جائزہ لے سکتے ہیں، جس سے عربی اور فارسی کی حیثیت اچھی طرح واضح ہوجاتی ہے۔ ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کے تمام دوروں کا علمی جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر دور کے علماء اور فضلا اور انکی تصانیف پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوگا کہ سب کی تصنیفات عربی میں ملیں گی اور علماء و فضلا صرف وہ کہلاتے تھے جو عربی کے عالم ہوتے تھے۔ فارسی گو، محض شعرا ہوئے ہیں یا مورخ، اور اس تصویر کے خد و خال تک کی اگر وضاحت مطلوب ہو تو ہر دور کے مدرسوں کا نظام، ان کے نصاب اور ان کی کتابوں پر نظر ڈالی جائے تو یہ بات قطعی واضح ہوجائے گی کہ تمام مدرسوں میں عربی کی کتابیں پڑھائی جاتی تھیں۔ تمام علوم و فنون کی تدریس عربی میں جاری تھی - فارسی کی صرف انشأ اور شاعری داخل نصاب تھی اور یہ نصاب انگریزی دور کی ابتدا تک جاری تھا -

اگر آپ برصغیر کے کتب خانوں کی فہرست مضامین پر نظر ڈالیں گے تو ان فہرستوں سے بھی یہ بات واضح ہوجائے گی۔ مثال کے طور پر فیضی کا کتب خانہ لیجئے، جس میں چار ہزار چھ سو قلمی کتب تھیں۔ اس کی فہرست مضامین سے اندازہ ہوتا ہے کہ دو تہائی عربی کی اور ایک تہائی فارسی کی کتابیں تھیں۔ شاہجہان کے کتب خانہ میں ۲۴ ہزار اعلیٰ جلد کی کتابیں تھیں (۹)، اس کی فہرست مضامین سے بھی یہی اندازہ ہوتا ہے -

بھر کیف اگر آپ برصغیر ہند کے مسلمان حکمرانوں کے عہد بہ عہد کے تمدنی کارناموں، مدرسوں، کتب خانوں، علما و فضلا، مشائخ، شعرا و ادبا اور مورخین کا حال معلوم کریں گے تو یہی نتیجہ نکلے گا کہ شعر و شاعری ادب اور دفتر تک تو فارسی کا رواج تھا، لیکن علوم و فنون اور دارالعلوم میں عربی کا دور دورہ تھا -

انگریزی دور کی ابتدا تک یہی کیفیت رہی - اسکا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ راجہ رام موہن رائے، بانی برھمو سماج نے، جب اپنی پہلی کتاب، تحفتہ الموحدین سنہ ۱۸۰۳ء میں شائع کی تو اسکا دیباچہ عربی میں تھا اور کتاب فارسی میں تھی (۱۰) -

جب ہندوستان میں چھاپے خانے جاری ہوئے اور کتابیں شائع ہونے لگیں تو اسوقت اردو میں تراجم ہونے لگے - ہم ایک چار سالہ سرکاری رپورٹ سے تراجم کی فہرست پیش کرتے ہیں جس سے عربی اور فارسی سے اردو کے تراجم کا اندازہ ہوتا ہے -

گلستان اردو ترجمہ سنہ ۱۸۴۸ء (۱۱) -

مفتاح الدقایق، ارسطو کا طبی رسالہ، جسے کاشی دیال نے عربی سے اردو میں ترجمہ کیاہ سنہ ۱۸۴۹ء (۱۲) -

(۹) سفر نامہ مرتب مین ڈاس لو ص ۱۱۸

(۱۰) محمد عتیق صدیقی، ہندوستانی اخبار نویسی، علیگڑھ ص ۲۷—۱۲۹

(۱۱) ,, ,, صوبہ شمالی و مغربی کے اخبارات و مطبوعات، انجمن ترقی اردو ہند ۱۹۶۲ع ص۱۸۷

(۱۲) ,, ,, ,, ,, ,, ,, ,, ,, ص۱۷۱

اخلاق جلالی، اردو ترجمه سنه ۱۸۵۰ء (۱۳) -

تحریر اقلیدس، عربی سے ترجمه سنه ۱۸۵۱ء (۱۴) -

اخوان الصفا، عربی سے اردو مولوی اکرام علی سنه ۱۸۵۱ء (۱۵) -

میزان الطب، فارسی سے اردو سنه ۱۸۵۱ (۱۶) -

اردو میں فارسی سے ترجمه کی سب سے پہلی مطبوعه کتاب سنه ۱۸۰۳ء کی ملتی ہے۔ یه کتاب ''اخلاق هندی'' فارسی کی کتاب مفرح القلوب کا ترجمه هے، جو فورٹ ولیم کالج سے شائع هوئی (۱۷) -

سنه ۱۸۳۰ء میں اردو سرکاری زبان بن گئی اور اسکے بعد عربی اور فارسی سے کافی تراجم هوئے۔

ڈیڑھ سو ساله غلامی نے موجوده مسلمانوں کو اپنی ثقافت، تهذیب و تمدن، تاریخ، علوم و فنون اور موروثی اثاثه سے اس قدر دور کردیا هے که وه شاید اپنی قومی زبان کے سرمایه سے بھی اچھی طرح واقف نہیں رهے هیں - چنانچه اپنی ثقافت، اپنی تهذیب، اپنے علوم و فنون اور موروثی اثاثه پر جب قلم اٹھانا چاهتے هیں یا کچھ حاصل کرنا چاهتے هیں تو انگریزی کا منه تکتے هیں، حالانکه یه انگریزی بھی فرانسیسی اور جرمن کے مقابله میں همارے اثاثه سے تہی دامن هے - بهرکیف هماری تربیت نفس غیروں کی نظر و فکر کے سایه میں هو رهی هے -

آج هماری یونیورسٹیوں اور کالجوں کے نصاب کی کتابیں اٹھا کر دیکھ لیجئے، اقوام عالم اور تاریخ عالم کی تمام انگریزی کتابیں، یونان و روما کے بعد آٹھ سو ساله دور ظلمت کے تذکره کے بعد، پندرهویں صدی سے ترقی کے روشن کارناموں کے بیان سے بھری پڑی هیں - یه وهی آٹھ سو سال کا دور ظلمت هے جسمیں مسلمانوں نے دنیا کو نئی تهذیب و تمدن سے روشناس کیا اور اقوام عالم کے لئے ترقی کی شاندار شاهراه تیار کر دی، که اس پر چل کر دنیا علوم و فنون میں آج اس حد تک پهنچی هے -

اگر هم انگریزی کے علاوه، دوسرے یورپین مورخوں کی تاریخ علوم پڑهیں، تو معلوم هو گا که عربوں نے دنیا میں سب سے پہلے تجربه اور مشاهدے کو تحقیقات علمی کا اصول قرار دیا هے، جسے آج بیکن کی طرف منسوب کیا جاتا هے اور بقول موسولیبان عربوں هی نے اپنے دارالعلوموں اور تصنیفوں کے ذریعه دنیا کو ترقی دی هے - خاص طور پر جو فائده یورپ کو ان سے هوا وه لا متناهی هے - چند صدیوں تک عیسائی اقوام کے استاد عرب هی تھے اور آج سے

---

(۱۳) محمد عتیق صدیقی، صوبۂ شمالی و مغربی کے اخبارات و مطبوعات، انجمن ترقی هند ۱۹۶۲ء ص ۱۸۹

(۱۴) ،، ،، ،، ،، ،، ،، ،، ،، ،، ص ۱۸۸

(۱۵) ،، ،، ،، ،، ،، ،، ،، ،، ،، ص ۱۹۰

(۱۶) ،، ،، ،، ،، ،، ،، ،، ،، ،، ص ۱۹۰

(۱۷) هندوستانی اخبار نویسی ص ۴۳

ڈیڑھ سو سال پہلے تک عربی کتابوں کے ترجمے ھی یورپ کی یونیورسٹیوں کے نصاب تعلیمی میں داخل تھے۔ بھر کیف اس دور ظلمت کے علوم و فنون کی تاریخ ھمارے نصاب سے خارج ھے، اور ھم زمانہ قریب کی آٹھ سو سالہ ترقی سے بالکل ناواقف ھیں ۔ عمرانیات اور سیاسیات، معاشرت و معشیت، صنعت و حرفت، اور علمی و نظری سائینس کے تمام شعبوں کی آٹھ سو سالہ ترقی ھماری نظر سے اوجھل ھے ۔ جھاں ناواقفیت کا یہ حال ھو وھاں اگر ھم میں سے اکثر کو یہ بھی پتا نہ ھو کہ اردو میں ابتک کیا کچھ ھو چکا ھے تو بعید از قیاس نہیں ھے ۔

اردو میں تراجم زیادہ تر عربی سے ھوئے ھیں اور اس سے کمتر فارسی سے ھوئے ھیں ۔ میں نے تقریباً پندرہ ھزار کتابوں کے تراجم کا احاطہ کیا ھے اور میں یہ بات یقین سے کہہ سکتا ھوں کہ عربی اور فارسی کے علوم و فنون میں سے شاید ایک بھی ایسا فن نہیں بچا ھو گا جسکی کسی نہ کسی مستند کتاب کا ترجمہ نہ ھو گیا ھو ۔

میں نے سنہ ۱۹۵۸ء میں اپنی کتاب ''پاکستان میں ذھنی رجحانات'' میں تراجم کے سلسلہ میں لکھا تھا کہ ابتک عربی اور فارسی سے میری ناتمام کوشش اور انفرادی جائیزے کے مطابق ذیل کا ذخیرہ ترجمہ کے ذریعہ منتقل ھوچکا ھے ۔

قران شریف کے تراجم تقریباً،	۵۲
احادیث،	۱۵۰
اسماء رجال،	۵۰
کتب فقہ،	۱۵۰
سیر و تاریخ،	۵۰۰
فلسفہ اور منطق،	۱۰۰
مختلف علوم و فنون،	۵۰۰۰
لغات و لسانیات،	۱۰۰

ان تراجم کی فہرست پر تفصیلی نظر ڈالنے سے معلوم ھوتا ھے کہ عربی سے زیادہ تر مذھبی، علمی اور فنی کتابوں کا ترجمہ ھوا ھے، جن میں تاریخ، علوم سائنس اور طب کی کتب بھی شامل ھیں ۔ فارسی سے قصہ کہانی، عام تاریخ، اخلاق اور ادبی کتابوں کا ترجمہ زیادہ ھوا ھے ۔ عربی سے اگر سفرنامہ ابن بطوطہ، ابن جبیر، تاریخ ابن خلدون، تاریخ طبری تاریخ ابن اثیر، فصوص الحکم، حکمت الاشراق، الملل والنحل، قانون شیخ الرئیس، اخوان الصفا، کتب غزالی و رازی اور سائینس کے فنون، جیسے کیمیا، ھیت اور ریاضی وغیرہ کا ترجمہ ھوا ھے، تو فارسی سے باغ و بھار، طوطا کہانی، آرائیش محفل، منتخب التواریخ، تاریخ فرشتہ، اخلاق محسنی، اخلاق جلالی، اور کلام حافظ و خیام وغیرہ جیسی کتابوں کا ترجمہ ھوا ھے ۔

عربی فارسی سے اردومیں جسقدر کتابوں کے ترجمہ ہوئے ہیں انکا زمانہ اس زمانے سے جس قدر دور ہے اسی قدر وہ ترجمے مستند ہیں ، لیکن انکی زبان قدیم ہونے کے علاوہ خود یہ ترجمے بھی کمیاب بلکہ نایاب ہیں۔ انکی نایابی کی بہت بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ پرانے زمانے میں کتابیں بہت کم تعداد میں طبع ہو سکتی تھیں - ہاتھ سے چلنے والے مطبع میں پتھر پر زائد سے زائد پانسو کی تعداد میں کتاب چھپ سکتی تھی ، اسلئے اچھی سے اچھی اور مستند کتابیں دو ڈھائی سو سے زائد نہیں چھپتی تھیں - چنانچہ بہت سی کتابیں اسطرح بھی چھپی تھیں کہ منصف نے کتاب لکھی ، خود ہی کتابت کی ، اور خود ہی چھاپ دی - آج بھی جب کوئی پرانی کتاب ہاتھ میں آتی ہے ، تو بعض وقت مطبع کا نام دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ واقعی یہ بھی کوئی پریس تھا -

اسی طرح اصطلاحات کا مسئلہ ہے جس پر کافی روشنی ڈالی جا چکی ہے اور آجکل اس مسئلہ پر شیخ الجامعہ جناب اشتیاق حسین صاحب قریشی نے بہت واضح گفتگو کی ہے ، لیکن اس مسئلہ کو میں آپکے سامنے دوسری حیثیت سے پیش کر رہا ہوں -

جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں فارسی اور عربی ہماری زبان کے مزاج سے بہت قریب ہیں، خاص طور پر عربی میں مادہ اور اشتقاق کا مسئلہ بہت آسان ہے ، اسی لئے عربی کے الفاظ اپنی گردان کی مختلف صورتوں کے ساتھ اردو میں مستعمل ہیں - آپ مثلاً لفظ فعل ہی کو لے لیجئے جسکی گردان کی بہت سی صورتیں اردو میں مستعمل ہیں اور اسکی اصطلاحیں بھی رائج ہیں -

عصر جدید میں عرب ممالک نے بعض علوم و فنون میں ہم سے زیادہ ترقی کی ہے اور کم سے کم یہ ضرور ہوا ہے کہ جدید علوم و فنون کی بہت سی اصطلاحیں انکی اپنی ہی ہیں -

مثلاً مصر نے قانون و قانون سازی ، سیاست اور کچھ علوم کی اصطلاحوں میں بہت زیادہ ترقی کی ہے ، بلکہ اصطلاحات کے معاملہ میں عرب ممالک میں مصر کو سب پر تقدم حاصل ہے - اسکے بعد عراق و شام اور پھر بیروت کا مقام ہے - بطور امتثال امرچند کتب کے نام درج ہیں -

۱- القاموس التجاری - انجیلزی عربی ، یس عبدالسید -
۲- قاموس المصطلحات الریاضیہ - انجیلزی عربی ، حسن ذہنی علی -
۳- قاموس مصطلحات البحریہ والتجاریہ - انجیلزی عربی ، کمال الطوبجی -
۴- المعجم العسکری - انکلیزی عربی وفرنسوی و عربی ۱—۲ "
۵- معجم مصطلحات الفنیہ - انجیلزی عربی ، نشرۃ القوات المسلحہ" فی الجمہوریہ" العربیہ المتحدہ -
۶- القاموس القانونی - انجیلزی عربی ، دکتور اسمعیل الذہب -
۷- مصطلحات المجمع العلمی فی ہندسہ السکک والری والاشغال وفی الصناعہ" والملاحہ" والطیران -

ایران نے بھی زراعت اور فوج سے لیکر دوسری چھوٹی چھوٹی فنی تربیت کی اصطلاحوں میں کام کو بہت آگے بڑھایا ہے - اگر ہم اصطلاح سازی کے وقت ان ممالک کی اصطلاحوں کو سامنے رکھیں تو بہت ممکن ہے اصطلاحوں کے لیے بہت سے ایسے الفاظ مل جائیں جو ہمارے یہاں رائج ہیں یا مستعمل ہیں یا کم سے کم ہم ان سے مانوس ہیں - عربی کی اصطلاحوں میں دوسری آسانی آپکو یہ نظر آئیگی کہ جن فنی امور کے لیے ہم ایک عبارت یا طویل مرکب الفاظ استعمال کرتے ہیں انکے لیے عربی میں اکثر مفرد الفاظ مل جاتے ہیں -

میں یہ کوئی نئی چیز عرض نہیں کر رہا ہوں، یہ سلسلہ بھی جاری رہا ہے، البتہ اس زمانے میں ہم اپنے ماخذوں سے دور ہو جانے کی وجہ سے مشکلات میں پھنس گئے ہیں - ورنہ الفاظ کی تاریخ شاہد ہے کہ ہمارے یہاں ہر نئی اصطلاح مصر و ایران ہی سے درآمد ہوتی تھی - میں اس سلسلہ میں فن صحافت کی طرف اشارہ کرونگا جسمیں روز روز دنیا میں کچھ نہ کچھ اضافہ کرنے والوں میں مولینا ابوالکلام آزاد، انشاءاللہ خاں مدیر وطن لاہور، ابوسعید بزمی اور ظفر علی خان کا نام پیش کیا جا سکتا ہے -

میری گزارش صرف اس قدر ہے کہ اصطلاحات سازی کے وقت عرب و ایران کی اصطلاحوں کا دفتر لازمی پیش نظر رہنا چاہئے، ورنہ کسی عربی فارسی دان یا زبان دان کی شرکت کوئی معنی پیدا نہیں کر سکے گی -

عبید اللہ قدسی

اصول وضع اصطلاحات

اردو زبان میں وضع اصطلاحات کا سلسلہ کوئی سو سوا سو سال سے جاری ہے اور بہت کچھ کام ہوچکا ہے - دہلی کالج ، سائنٹفک سوسائٹی علیگڑھ ، جامعہ عثمانیہ ، انجمن ترقی اردو وغیرہ کے کارکنوں اور دیگر ماہرین فن نے جن اصولوں پر اتفاق کیا ہے اور جن پر ابتک کامیابی کے ساتھ کام ہوتا چلا آیا ہے ان ہی اصولوں پر شعبہ کی مختلف مجالس اصطلاحات کام کر رہی ہیں - یہ حسب ذیل ہیں :—

(۱) بین اقوامی اصطلاحات کا یعنی ان اصطلاحات کا جو دنیا کی تمام زبانوں میں بجنسہ استعمال ہو رہی ہیں ترجمہ نہ کیا جائے -

مثلاً کیمیا میں عناصر کی علامتوں کو حسب حال رہنے دیا جائے یعنی آکسیجن کے لئے O ، نائٹروجن کے لئے N اور یورینیم کے لئے U وغیرہ وغیرہ -

حیوانات میں Order (فصیلہ) Gene ra (جنس) اور Species (نوع) کے لاطینی ناموں کا ترجمہ نہیں کیا جائیگا مثلاً ''معمولی مکھی'' کا اصطلاحی لاطینی نام Musca domestica ہے اردو میں بھی اس کو ''مسکا ڈومسٹیکا'' ہی کہینگے - اسی طرح گلاب کے پھول کو ''روزا انڈیکا'' اور نیم کے درخت کو ''ایزا ڈاکٹکا انڈیکا'' کہا جائیگا -

(۲) اشیا اور ادویات کے ناموں کا ترجمہ کرنیکی ضرورت نہیں ہے مثلاً پنسلین ، کلورومائی سٹین ، اسٹی رول وغیرہ - اسی طرح کیمیا میں جن عناصر کے نام پہلے سے موجود ہیں وہ قائم رہیں - جدید عناصر کے ناموں کا ترجمہ نہ کیا جائے اور مرکبات کے انگریزی نام بھی برقرار رکھے جائیں -

(۳) جن مرکبات کے نام پہلے سے موجود ہیں وہ بھی برقرار رہینگے مثلاً Iron کے لئے اردو میں لوھا قائم رہے گا لیکن ''Ferrous Sulphate'' کو اردو میں فیرس سلفیٹ اور عام زبان میں سبز توتیا کہینگے - Sodium کو اردو میں سوڈیم کہینگے اور Sodium Chloride کو اصطلاحاً سوڈیم کلورائڈ اور عام زبان میں معمولی نمک کہینگے -

(م) ریاضیات میں علامتوں اور ترقیمات کو بدلا نہیں جائیگا مثلاً

Σ ، π ، + ، − ، ± ، × ، ÷ ، = ، ≡ ، > ، < ، ∴ ، ∵ ، √ ، ∠ ،
∟ ، △ ، ⊥ ، ∥ ، ○ ، ′ ، ″ ، ° ، () ، [] ، ∫

یہ بین‌اقوامی چیزیں ہیں یہ اسی طرح رہینگی -

بقیہ تمام اصطلاحوں کا ترجمہ کیا جائیگا جسمیں اسکا خیال رکھا جائیگا کہ :-

(الف) اصطلاح زبان اور فن کے لحاظ سے موزوں ہو، مختصر ہو، اور حتی الوسع اپنے معنی کے کل یا جز کی اس میں نمائندگی ہو -

(ب) اصطلاح سازی میں عربی ، فارسی ، ہندی، سنسکرت، اور ان تمام زبانوں سے مدد لی جائے جو ہماری زبان کے جز ہیں -

(ج) ان بیرونی الفاظ کو بھی استعمال کیا جائے جو اردو زبان کے مزاج کے مطابق ہوں -

(د) جو اصطلاحیں قدیم سے رائج ہیں، مفید اور موزوں ہوں برقرار رہیں -

(ہ) اسماء سے افعال بلا تکلف بنائے جائیں -

(و) ضرورت ہو تو ہندی الفاظ کے ساتھ عربی فارسی کا جوڑ اور سابقے اور لاحقے لگائے جائیں -

(ز) اردو اصطلاح سازی میں ایک اصول بن گیا ہے کہ "Meter" کیلئے "پیما"، "Scope" کیلئے "نما"، "Graph" کیلئے "نگار"، "Logy" کیلئے "یات"، "Oid" کیلئے "سا"، "Ferous" کیلئے "بردار"، "Genous" کیلئے "زا" وغیرہ استعمال ہو رہا ہے اس کی پابندی کی جائیگی -

تاریخ و سیاسیات و عمرانیات

History, Political Science and Sociology

A

Aachen (Aix-la-Chapell) آخن (اے لاشپل) مغربی پروشیا کا ایک شہر
Aaron (حضرت) ہارون
Aaron's rod عصائے ہارون
Ab آب (یہودیوں کا ایک مہینہ)
Abandon ترک کردینا ۔ دستبردار ہوجانا
Abandonee سپرد دار (جس کے سپرد ٹوٹے اور ڈوبے ہوئے جہاز اور مال کا نکالنا اور انصرام کرنا ہوتا ہے)
Abandonment کنارہ کشی ۔ دستبرداری
Abbacy صدر راہب کا منصب یا حدود اختیار
Abbasid; Abbaside عباسی (خاندان خلفاء)
Abbatial مسیحی خانقاہی ۔ رہبان گاہی
Abbess صدر راہبہ
Abbey رہبان گاہ ۔ مسیحی خانقاہ
Abbot صدر راہب
Abbotcy; Abbotship منصب رئیس رہبانگاہ ۔ ریاست رہبانگاہ
Abbreviate مختصر ایجاز کرنا ۔ قصر کرنا ۔ کرنا
Abbreviation ایجاز ۔ اختصار
A.B.C (Countries) ممالک ارجنٹائین برازیل و چلی
Abdicate تخت سے دستبردار ہونا
Abdication تخت سے دستبرداری
Abduct اغوا کرنا
Abduction اغوا
Abductor اغوا کار
Abet اعانت کرنا (مجرم کی جرم میں)
Abetment اعانت
Abettor معین جرم ۔ معاون جرم
Abeyance التوا (قانون)
—, To hold in التوا میں رکھنا ۔ معلق کرنا
Ab horrer تبرائی گروہ (ان لوگوں کے چڑانے کا نام جنہوں نے ۱۶۸۰ع میں ان سپاسناموں پر، جو چارلس دوم کو دیئے گئے، دستخط کئے تھے)
Abiel ہابیل
Abigall ہابیگائیل
Abigor آبی غور (قرون وسطیٰ کے دیومالا میں ایک عفریت کا نام)
Abihu ہابیہو (حضرت ہارون کے منجھلے صاحبزادے (توراۃ)
Ab initio از ابتدا
Abjuration ترک وطن (یا وفاداری) کی قسم
Abjure انکاری قسم کھانا
Abkhas ابخس (چرکس کی ایک بولی)

Abolish موقوف کرنا - بند کردینا (رسم و رواج وغیرہ کو)
Abolition انسداد - ممدودی - موقوفی (قوانین ، محاصل - اٹھارویں اور انیسویں صدی میں رسم غلامی کا انسداد)
Abolitionism (of slavery) تحریک انسداد غلامی - انسدادیت
Abolitionist حامی انسدادیت
Aboriginal ادی باسی - قدیم باشندہ
Aboriginee ادی باسی - قدیم باشندہ
Aborigines ادی باسیان - قدیم باشندے
Abortive بے نتیجہ
Abraham (حضرت) ابراھیم
Abrogate تنسیخ کرنا - منسوخ کرنا
Abrogation تنسیخ - منسوخی
Abscond روپوش ھونا - فرار ھونا
Abscondence روپوشی - فرار (قانونی مواخذہ سے بچنے کے لئے)
Absconder مفرور - فراری
Absentee غائب - غیر حاضر
— landlord غائب زمیندار
— voter غائب رائے دھندہ
Absenteeism غیر حاضر باشی
Absolute مطلق العنان
— contraband قطعی ممنوعات
— monarchy مطلق‌العنان بادشاھی - مطلق العنانی
Absolutely خودمختارانہ - آزادانہ
Absoluteness استبدادیت - مطلق‌العنانیت
Absolutism استبدادیت - مطلق‌العنانیت
Absolutist استبداد پسند - حامی‌مطلق العنانی

Absolve خلاصی دینا (جرم سے)
Abstract مجرد
— idea مجرد تصور - مجرد خیال
— theory مجرد نظریہ
— thinking مجرد تفکر
Abstraction تجرید
Ab Urbe Condifa سنہ تاسیس روما (۷۵۳ ق م سے سنہ شماری کا ایک قاعدہ)
Abuse بےجا استعمال
— of flag of Truce پرچم صلح کا بےجا استعمال
— of power اقتدار کا بےجا استعمال
— of process عدالتی کارروائی کا بےجا استعمال
— of Rights حقوق کا بے جا استعمال
Abut متصل ھونا - ھم سرحد ھونا
Abutment (Archit) ٹیک
Abuttor متصل جائیداد کا مالک
Academic علمی - نظری - غیر عملی
— council مجلس علمی
Academical علمی - غیر عملی
Academician (۱) عالم (۲) معلم
Academy (۱) اکادمی (۲) ایتھنز کے نزدیک ایک باغ جہاں افلاطون درس دیا کرتا تھا -
Acadia (Nova Scotia) نوا اسکوشیا
Acadion نوا اسکاشی
Accad عکاد
Accadian عکادی (نسل - زبان یا تہذیب)
Accede ملحق ھونا - شامل ھونا

Accept قبول کرنا
Acceptance قبولیت
— of bill مسودہ قانون کی منظوری
Access رسائی - پہنچ
Accessible رسائی پذیر - قابل رسا
Accession الحاق - شمولیت
—, Instrument of دستاویز شمولیت
Accident حادثہ - واقعہ - واردات
Accidental اتفاقی - ناگہانی
Accidentally ناگہانی طور پر - یکایک - اچانک
Acclaim تحسین کرنا - آفرین کے نعرے بلند کرنا
Acclaimation تحسین - آفرین
Acclimation رس بساؤ
Acclimate رس بس جانا
Acclimatization رس بساؤ
Accord مفاہمت - سمجھوتا
Account حال - تفصیل - بیان
Accountable ذمہ‌دار (قانون)
Accountant محاسب
—, Chief صدر محاسب
— General محاسب اعلیٰ
Accredit بحیثیت سفیر متعین کرنا
Accredition (Accreditation) تعین سفیر
Accrete طبعی اضافہ ہونا (اراضی)
Accretion اضافۂ طبعی (اراضی)
Accrue اضافہ ہونا
Accurse لعنت بھیجنا
Accursed مردود - ملعون
Accusation الزام دہی
Accuse ملزم ٹھیرانا - الزام لگانا

Accused ملزم
Accuser الزام لگانے والا
Acephali بے سر انسان
Acephalist بے سردار
Achaean ھنحامنشی (پلو پوشیا کے ایک حصہ ھنحامنت سے متعلق)
— League ھنحائی لیگ
Achaemenian ھنحامنشی
Achieve حاصل کرنا
Achievement کار نمایاں
Acknowledge تسلیم کرنا (کسی حق یا دعویٰ کو)
Acknowledgement اقرار - تسلیم
Acquire حاصل کرنا - اکتساب کرنا
Acquisition حصول - اکتساب
Acquit بری کرنا
Acquittable براءت - بجا آوری - ادائی
Acquittance براءت - بریت - ادائی
Act ۱ - قانون ۲- عمل - فعل ۳- ایکٹ - فصل (ڈرامہ) ۴ - عوضی کرنا
— of emancipation قانون رفع قیود
— of grace کرم گستری
— of indemnity قانون تدارک
— of insolvancy (Bankruptcy) قانون دیوالیہ
— of parliament پارلیمانی قانون
— of settlement قانون بندوبست
— of succession قانون جانشینی (۱۷۰۱ع تاریخ انگلستان)

Act of supremacy قانون فوقیت - قانون برتری (۱۵۳۴ع تاریخ انگلستان)
— of toleration قانون رواداری ۱۶۸۹ع
— of uniformity قانون یکسانیت
— of union قانون اتحاد
Acting قائم مقام
Action عمل - فیصلہ
Activism فعالیت پسندی
Activist فعالیت پسند
Activities سرگرمیاں - مساعی
Acts of faith قضائے الہی
— of god آفات سماوی
Adam آدم
Adamite پیروان آدم
Adam style آدمی طرز
Additional زائد
Address خطاب - سپاسنامہ
Addressee مکتوب علیہ
Adherent وابستہ
— member رکن متعلقہ
Ad Hoc عارضی
— committee عارضی کمیٹی (جو کسی خاص کام کے لئے ہو)
— judge عارضی جج (جو کسی خاص مقدمہ کے لئے مقرر کیا جائے)
Adjective law قانون اضافی
Adjourn ملتوی کرنا

Adjournment التوا
— motion تحریک التوا
Adjudge فیصل کرنا - فیصلہ کرنا
Adjudicate فیصلہ کرنا
Adjudication فیصلہ - عدالتی حکم
Adjutant ایڈجوٹنٹ
Administrable قابل انتظام
Administration نظم و نسق - انتظام - انتظامیہ
— of justice عدل گستری - داد رسی
Administrative انتظامی
— action انتظامی اقدام
— audit انتظامی تنقیح
— authorities حکام
— board انتظامی بورڈ
— centre انتظامی مرکز
— council انتظامی کونسل
— county انتظامی ضلع
— court انتظامی عدالت
— law انتظامی قانون
Administrator ناظم - عامل
Admiral امیرالبحر
— , Rear معاون امیر البحر
— , Vice نائب امیر البحر
Admirality بحریہ
— court بحری عدالت
Admissible ۱ - قابل سماعت (شہادت)
۲ - جائز - لائق تسلیم
Admission داخلہ

Admit	داخل کر لینا - تسلیم کرلینا
Admit card	اجازت نامہ داخلہ
Admixture	ملی جلی (نسل)
Admonish	تنبیہ کرنا
Admonishment	تنبیہ
Admonition	تنبیہ آموز
Admonitory	تنبیہی
Adnauseam	بہ‌حد بیزاری
Adopt	۱ - متبنیٰ کرنا - گود لینا ۲ - منظور کرنا (تجویز یا رو داد کو)
Adoption	۱ - گود لینا ۲ - منظوری
Adoptionism	(یہ عقیدہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام خدا کے نبی تھے)
Adult	بالغ
— education	تعلیم بالغان
— franchise	حق رائےدہی بالغان
— suffrage	حق رائے دہی بالغان
Advance guard	ہراول - پیش دستہ
Advancement	ترقی
— of learning	فروغ علمی
Advent	ظہور
— Fast	صوم ظہور
— Feat	عید ظہور
Adventism	عقیدۂ ظہور - ظہوریت
Adventure	جرأت آزمائی - مہم - خطر پسندی
Adventurer	جرأت آزما - خطر پسند
Adversary	مخالف - حریف
Adverse possession	قبضہ مخالفانہ
— witness	منحرف گواہ
Adversity Hume	آباقی ہیوم (ایک انگریز سیاست داں جو تاریک مستقبل کی پیشن گوئی کیا کرتا تھا)
Advice	ہدایت - اطلاع - مشورہ
Advise	مشورہ دینا - اطلاع دینا
Adviser, Advisor	مشیر
Advisory	مشاورتی
— board	مشاورتی بورڈ
— council	مشاورتی کونسل
— opinion	مشاورتی رائے
— standing commission	مشاورتی مجلس قائمہ
Advocacy	وکالت - حمایت
Advocate	۱- وکیل - حامی ۲- ایڈوکیٹ
— General	ایڈوکیٹ جنرل
Aedui	ایڈوی
Aegean	ایجین
Aerial	فضائی
— warfare	فضائی جنگ
Aetolia	ایتولیہ
Aetolian	ایتولوئی
— league	ایتو لوئی لیگ
Affair	امر
Affairs	امور
Affidavit	بیان حلفی - حلف نامہ
— verification	تصدیقی بیان حلفی
Affiliate	الحاق کرنا
Affiliated	ملحق

Affiliation	وابستگی ـ الحاق ـ پیوستگی
Affirm	اثبات کرنا ـ توثیق کرنا
Afirmative	اثباتی ـ ایجابی
— defence (or plea)	اثباتی مدافعت
Affix	ثبت کرنا
Affixing	مہر کرنا
— of seal	مہرلگانا (سر بازار)
Affor the Assize	جیوری میں اضافہ کرنا
Affranchise	حق رائے دہی
Affray	جھڑپ
Afghan	افغان
Afghani	افغانی (سکہ)
Afghanistan	افغانستان
Afortiori	بہ طریق اولیٰ
Afrasia	افریشیا
Afrasian	افریشیائی
Afric	افریقی
Africa	افریقہ
African	افریقی
Africanism	افریقیت
Afride	آفریدی
Afrikaans	افریقان (جنوبی افریقہ کی ایک زبان جو ولندیزی سے نکلی ہے)
Afrikander	افریقانی (افریقان زبان بولنے والا)
Agadier accident	واقعہ آغاز
Age	۱- زمانہ ـ عہد ۲- عمر
— , Bronze	کانسی کا عہد یا زمانہ
— , Consent	سن رضامندی
— , Copper	تانبے کا زمانہ
— , Discretion	سن تمیز
— of reason, The	دور عقلیت
Agency	ایجنسی
Agenda	ایجنڈا ـ پیش نامہ ـ عنوان نامہ
Agent	ایجنٹ ـ منیب ـ گماشتہ
— , Political	نمائندہ سیاسی ـ پولیٹیکل ایجنٹ
— , Provocation	اشتعال انگیز ایجنٹ
— to the Governor General	نمائندہ گورنر جنرل
Ages of culture	تہذیبی ادوار
Aggregation	اجتماع
Aggregative	مجموعی
Aggression	جارحانہ اقدام
Aggressive	جارحانہ
Aggressor	جارح ـ دراز دست ـ حملہ آور
— nation	جارحانہ قوم ـ دراز دست قوم
Aggrieved party	مظلوم پارٹی
Aghlabid	اغالبہ ـ اغلبی
Aghlabite	اغالبہ ـ اغلبی
Agitate	شورش کرنا ـ مخالفت کرنا
Agitation	شورش ـ مخالفت
Agitator	شورش پسند
Agnostic	لا ادری
Agnosticism	لا ادریت
Agrarian	زرعی
— law	زرعی قانون
— league	زرعی لیگ
— socialism	زرعی اشتراکیت
Agrarianism	زرعی اشتراکیت

Agree	اتفاق کرنا ۔ قبول کرنا
Agreement	مفاہمہ ۔ سمجھوتہ ۔ اقرار نامہ
— bond	دستاویز اقرار نامہ
— of arbitration	اقرار نامہ ثالثی
— of maintaining rates	شرحین برقرار رکھنے کا اقرار نامہ
Agricultural	زرعی
— administration	زرعی نظم و نسق
— association	زرعی انجمن
— college	زرعی کالج
— commission	زرعی کمیشن
— commune	زرعی اشتمالیہ (چین)
— discontentment	زرعی بے اطمینانی
— improvement act	قانون ترقی زراعت
— loan act	قانون قرضہ جات زرعی
— rates act	قانون محاصل زرعی
— serfdom	زرعی غلامی
Agriculture	زراعت
Agriculturist	کسان
Ahriman	اھرمن
Ahrimanian	اھرمنی
Ahuna vairya	آھونا ویریا (پارسی دعا کے ابتدائی کلمات)
Ahura mazda	ہر مزد
Aid	۱ ۔ امداد ۲ ۔ سلامی ۔ نذرانہ(جاگیردارانہ نظام میں)
— , Economic	معاشی امداد
— , Foreign	بیرونی امداد
— , Grant in	امدادی رقم
— , Military	فوجی امداد
— , Technical	فنی امداد
— without strings	بے لاگ مدد
Aide	مددگار ۔ مشیر
Aide-de-Camp	ایڈی کانگ
Aidememoiers	یاد داشت سیاسی گفتگو
Air	فضا ۔ ھوا
— base	ھوائی اڈہ
— council	فضائی کونسل
Air craft	ھوائی جہاز
— , Civil	شہری ھوائی جہاز
— , Private	ذاتی ھوائی جہاز
— , Public	سرکاری ھوائی جہاز
Air Force	فضائیہ
Airman	ھوا باز
Airmanship	ھوابازی
Air Minister	وزیر فضائیہ
Air Ministry	وزارت فضائیہ
Air port	ھوابندر ۔ ایر پورٹ
Air raid	ھوائی حملہ
Air strip	ھوائی پٹی
Akkadian	عکادی (قوم، زبان ، تہذیب وغیرہ)
— , Sumero	سومری ۔ سمیری ۔ سومیرو عکادی
Akkadist	ھر تہذیب اکاھی ۔ ھر زبان اکادی
Alabama claims	مطالبات الباما (امریکی اندرونی جنگ)
Alarming	تشویش ناک
Alarmist	ھراس انگیز

Alarodian	الارودی
Alasca day	یوم الاسکا (۱۸ اکتوبر سنه ۱۸۶۷ع)
Alascan	الاسکی
Albert Medal	تمغهٔ البرٹ (جاری کرده ۱۸۶۶ع)
Albian	کلٹی - سلٹی
Alcides	هر قل
Alcoholism	شراب زدگی
Alcoholist	شراب زده
Alexander	اسکندر - سکندر
— Era , of	عہد سکندری
Alexanderianism	اسکندریت
Alexandretta	اسکندروته
Alexandria	اسکندریه
Alexandrian library	کتب خانه اسکندریه
— school	مکتب اسکندری
— year	سال اسکندری
Alhambra	الحمرا
Alhambresque	الحمرائی (فن ، طرز)
Alibi	عذر عدم موجودگی (قانون)
Alids	علوی - حامیان علی رض
Alien	غیر ملکی - اجنبی- بدیسی - پردیسی
— act	قانون اجانب
— enemies	غیر ملکی دشمن
— friend	غیر ملکی دوست
— government	غیر ملکی حکومت
— rights	حقوق اجانب
Align	ساتھ دینا - طرف‌داری کرنا
Aligned states	منسلک ریاستیں
— — , Non	غیر منسلک ریاستیں
Alignment	۱ - صف بندی - قطار بندی (فوج) ۲ -گروه بندی (سیاسی)
All	کل
— fool's day	یوم الحمقاء (یکم اپریل - متعلق به...)
— India federation	کل هند وفاق
All India Trade Union Congress	کل هند مزدور سبھا
All-hallows' day	یوم الارواح (متعلق به...)
All-hollow mass	مجلس فاتحه (متعلق به...)
— Saint's day	یوم الاولیا (یکم نومبر متعلق به...)
— Soul's day	یوم‌الفاتحه (دوسری نومبر متعلق به...)
Allegation	الزام
Allegiance	وفاداری
— , Oath of	حلف وفاداری
Alliance	اتحاد - محالفه
Allied	حلیف
— countries	اتحادی ممالک - حلیف ممالک
— functions	مماثل وظائف
— powers	اتحادی طاقتیں
— subjects	متعلقه مضامین - مماثل مضامین
Allies	اتحادی - حلیف
Allocate	مختص کرنا
Allocation	تخصیص
— funds	مصارف بندی
Allodialism	آزاد زمینداری کی حمایت

Allodialist حامی آزاد زمینداری
Allodism آزاد زمینداری
Allophylian غیر ارسامی
Allot تعین کرنا
Allotment تعین
— act قانون تعین
— letter تعین نامہ
— note اطلاع نامہ تعین
— notice اعلان تعین
Allowance بھتہ
Ally حلیف
Alma mater مادر علمی
Alphabet ابجد ۔ الف بے
Alps کوہ آلپس
Alsatia الساس
Altar قربان گاہ
Alteration تبدیلی
Alternate متبادل
Altruism بے لوثی ۔ بے غرضی
Altruist بے لوث ۔ بے غرض
Altruistic بے لوثانہ۔ بے غرضانہ
Amalgamate ضم کرنا
Amalgamation انضمام
Ambassador سفیر
— plenipotentiary سفیر بااختیار
— ordinary عمومی سفیر
— resident سفیر مقیم
Ameliorate سدھارنا
Ameliorism سدھاریت
Amend ترمیم کرنا

Amendment ترمیم
— of constitution دستوری ترمیم
American امریکی
Americanism امریکیت
Anachronism سہو زمانی ۔ اشتباہ تاریخی
Analyse تجزیہ کرنا
Analysis تجزیہ
Analyst تجزیہ کار
Analytical تجزیاتی
Anarchism نراجیت
Anarchist نراجی
Anarchy نراج
Anathema مردود ۔ لعنت ۔ پھٹکار
Anathematize مردود قرار دینا ۔لعنت کرنا ۔ تکفیر کرنا
Ancient قدیم
— history قدیم تاریخ
— law قدیم قانون
— period قدیم دور
Ancients, The متقدمین ۔ قدما ۔ عہد قدیم کی متمدن اقوام
Ane Baptism تجدید اصطباغ ۔ باز اصطباغیت
Ane Baptist باز اصطباغی
Anecdotage قصہ ۔ حکایت ۔ روایت ۔ قصص و حکایات
Anecdote واقعہ ۔ قصہ ۔ روایت ۔ حکایت
Anecdotist راوی ۔ حکایت نگار
Angary قانون
Anglican church کلیسائے انگلستان
Anglicanism انگلیسیت ۔ انگلیسی کلیسا کی پیروی

Anglo Indian	اینگلوانڈین
Anglophobia	انگریز دشمنی ۔ انگریز بیزاری
Anglo Saxon	اینگلو سیکسن
Anglo-Saxonism	اینگلو سیکسن نسل پرستی
Animism	مظاہر پرستی
Animist	مظاہر پرست
Annals	عہد ۔ دور ۔ تاریخی ریکارڈ تاریخی اسناد
Annex	قبضہ کرنا
Annexation	قبضہ ۔ الحاق
Annexure	ملحق ۔ ضمیمہ
Annihilate	مٹانا ۔ کالعدم کرنا
Annihilation	ابدی ہلاکت ۔ جسم و روح دونوں کی ہلاکت (دینیات)
Annihilationism	عقیدہ ابدی ہلاکت
Annihilationist	حامی عقیدہ ابدی ہلاکت
Annihilator	برباد کن ۔ فنا کن
Anno Domini	سنہ عیسوی میں
Announce	اعلان کرنا
Announcement	اعلان
Annual Budget	سالانہ میزانیہ
— Gathering	سالانہ اجتماع
— meeting	سالانہ جلسہ
— report	سالانہ رپورٹ
— session	سالانہ اجلاس
— surplus	سالانہ اضافہ
Annuity	سالانہ عطیہ ۔ وظیفہ یا معاش
Annul	تنسیخ کرنا
Annulled Agreement	تنسیخ شدہ معاہدہ
— band	تنسیخ شدہ دستاویز

Annulment	تنسیخ
Anomalous	بے رابطہ
— plea	بے قاعدہ عذر
Anomaly	بے ربطی
Antagonism	دشمنی ۔ مخاصمت ۔ مخالفت
Antagonist	حریف ۔ دشمن ۔ مخالف
Antagonize	دشمن بنانا ۔ حریف بنانا
Anthropological	عالم انسانیات ۔ عالم بشریات
Anthropology	بشریات ۔ انسانیات
Antinomian	انٹی نومین (انٹی نومین جماعت کا شخص یہ جماعت ۱۰۳۰ع میں جرمانتا میں قائم ہوئی تھی اس کا عقیدہ تھا کہ عیسائیوں پر اخلاقی قانون کی پابندی ضروری نہیں)
Antinomy	قانونی نفاذ
Antiquarian	قدامتی ۔ باستانی
Antiquarianism	اثریات ۔ سلفیات ۔ قدامت شناسی
Anti	ضد
Anti-Anarchist	نراج دشمن ۔ مخالف نراج
Anti-Christ	دجال
Anti-Clericalism	مخالف کلیسایت
Anti-Communistic	مخالف اشتمالیت
Anti-Democratic movement	غیر جمہوری تحریک
Anti Federalist	مخالف وفاقیت
Anti-Rent agitation	خلاف لگان شورش
Anti-Semitic	مخالف سامیت ۔ یہود دشمن
Anti Semitism	۱۔ مخالفت سامیت ۲ ۔ یہود دشمنی

Anti Slavery society انجمن انسداد غلامی
Anti-Smuggling انسداد چنگی چوری - انسداد اسمگلنگ
Anti Social سماج دشمن - غیر سماجی
Anti-Social elements سماج دشمن عناصر - غیر سماجی عناصر
Anti-Stock watering law قانون مخالف اضافۂ سرمایہ
Anti-Strike legislation قانون سازی انسداد ہڑتال
Anti-Trust law خلاف وقف قانون
Anti-Union agreement مخالف انجمن معاہدہ
Apartheid نسلی علیحدگی
Apology معافی - اعتذار
Apparent واضح
— jurisdiction واضح اختیار سماعت
Appeal مرافعہ - اپیل
Appeasement امن پسندانہ
— policy امن پسندانہ پالیسی
Appelate court عدالت مرافعہ
— jurisdiction مرافعاتی اختیار - مرافعاتی حدود سماعت
Appellant اپیل کنندہ
Applied politics سیاسیات منطبقہ
Appoint مقرر کرنا
Appointee مامور
Appointment تقرر
Appropriation act قانون مختص - قانون اختصاص
— budget مصرف بندی - میزانیہ

— report باقاعدہ رپورٹ
Arbitrary بے قاعدہ - من مانا
— action بے قاعدہ عمل - عمل بے قاعدہ
Arbitration ثالثی
— board مجلس ثالثی - ثالثی بورڈ
— tribunal ثالثی عدالت
Arbitrator ثالث
Archaeologist ماہر آثار قدیمہ - عالم آثار قدیمہ
Archaeology علم آثار قدیمہ - آثاریات
Archaic ۱ - قدیم - فرسودہ ۲ - متروک
Archbishop اسقف اعظم
Archbishopric حلقۂ اسقف اعظم - منصب اسقف اعظم
Archduke آرک ڈیوک
Archdukedom علاقہ آرک ڈیوک - منصب آرک ڈیوک
Archer تیرانداز
Archery فن تیر اندازی
Architect ماہر فن تعمیر
Architecture فن تعمیر
Archives ۱ - تاریخی دستاویز ۲ - محکمہ دستاویز
Archivist ماہر دستاویز
Arch Priest صدر راہب
Argus آرگس - ہزار چشم
Aristocracy ۱ - اشراف - خواص - امرا ۲ - اشرافیہ - خواصیہ (طرز حکومت)
Aristocrate رکن طبقۂ اشراف یا خواص
Aristocratic اشرافی - خواصی

Aristocratic government	اشرافی حکومت
Aristo-Democracy	اشرافی جمہوریت
Aristotelian	ارسطوی
Aristotelianism	ارسطوئیت
Aristotle	ارسطو
Armada, Spanish	ہسپانوی بیڑا (آرمیڈا)
Armament	اسلحہ ۔ فوجی ساز و سامان
Armed	مسلح
— democracy	مسلح جمہوریت
— neutrality	مسلح غیر جانبداری
— peace	مسلح امن
— police	مسلح پولس
Armenian	ارمنی
Armenianism	ارمنیت
Armistice	عارضی صلح
Armour	زرہ بکتر
Armoured car	بکتر بنہ گاڑی
Army	فوج
— services	فوجی خدمات
Arrest	گرفتار کرنا
— of judgement	التواء فیصلہ
Arrestee	گرفتار
Art	فن
Article	دفعہ
— of faith	رکن ایمان
Articles	دفعات
— , Confederation	دفعات نیم وفاق (تاریخ ریاست ہائے متحدہ امریکہ)
— of agreement	دفعات معاہدہ ۔ دفعات مفاہمت
— of assourtion	دفعات (ضوابط) مشارکت
— , Impeachment	فرد محاکمہ (پارلیمان)
— of religion	ارکان دین
Artifact	اولی آرٹ کا نمونہ ۔ اولی فن کا نمونہ
Artifice	۱ ۔ اختراع ۔ ۲۔ تزویر ۳ ۔ کاریگری
Artificer	مخترع ۔ کاریگر
Artificial	مصنوعی
— barriers	مصنوعی حدبندیاں
Artillery	توپ خانہ
Artisan	دست کار ۔ فن کار
Artist	فن کار
Artistic	فن کارانہ
Artless	بے ہنر ۔ بے تصنع
Aryan	آریائی ۔ آرین
Aryanism	آریائیت
Aryo-Dravidian	آریا دراوڑی
Ascendancy	غلبہ
Ascension day	یوم رفع مسیح
Ashur	آشور
Ashura	عاشورہ
Asia	ایشیا
Asianism	ایشیائیت
Aspiration	آرزو ۔ حوصلہ
Assail	حملہ کرنا ۔ چڑھائی کرنا
Assailant	حملہآور
Assailer	حملہ آور
Assailment	حملہ ۔ چڑھائی
Assasins	حشیشین
Assault	حملہ
Assemble	جمع کرنا ۔ جمع ہونا

English	Urdu
Assembly	۱ - مجلس شوریٰ - اسمبلی
	۲ - اجتماع
— , Constituent	مجلس دستور ساز
— , Legislative	مقننہ - مجلس قانون ساز
— , National	قومی اسمبلی
Assent	منظوری
Assentor	منظور کنندہ
Assess	تخمینہ کرنا - اندازہ لگانا
Assessed tax	محصول
Assessment	تشخیص - تعین - تخمینہ
Assessor	تشخیص کنندہ
Assets	اثاثہ
Assiento	معاہدۂ بردہ فروشی (جو اسپین اور دوسری قوتوں کے درمیان حبشی غلاموں کے سلسلہ میں طے پایا)
Assign	مامور کرنا - تفویض کرنا - سپرد کرنا
Assignment	تفویض - سپردگی - عہدہ
— of salary	تعین تنخواہ
Assignor	تفویض کنندہ
Assimilability	جذب پذیری
Assimilable	جذب پذیر
Assimilation	جذب
Assistant	مددگار
Assize	جیوری عدالت
— of arms	قانون اسلحہ (بلحاظ منصب)
— of Clarendon	قانون کلیرنڈن
— of Weights & Measure	قانون اوزان و پیمانہ جات - عدالت اوزان و پیمانہ جات
Assizer	رکن عدالت - رکن جیوری

English	Urdu
Associate	شریک
— judge	شریک جج
— Professor	شریک پروفیسر
Association	انجمن - مجلس
Assumption	مفروضہ
Assurance	یقین دہانی - بیمہ
Atheism	دہریت
Atheist	دہریہ - ملحد
Athena	ایتھینا (یونانی دیوی)
Athenaua	ایتھینی تہوار
Athens	ایتھنس
Atlantic Charter	منشور اوقیانوس
— Pact	میثاق اوقیانوس
Atlas	اٹلس
Atmosphere	فضا
Atomic Energy Commission	جوہری توانائی کمیشن
Atomism	جوہریت
Atonement	کفارہ
— , Governmental	سرکاری کفارہ
— , Substantial	کفارہ مسیحی
— , Supernatural	مافوق الفطرت کفارہ
Attack	حملہ
Attain	حاصل کرنا
Attainment	حصول
Attainable	ممکن الحصول
Attainments	کارنامے
Attendance	حاضری
Attendant	حاضرباش - ملازم
Attest	تصدیق کرنا - توثیق کرنا
Attestation	تصدیق - توثیق

Attic-base	بالائی کرسی - دوسری کرسی (رومی ستون سے متعلق)
Attic - school	اثنوی طرز تعمیر
Attire	پوشاک
Attitude	رویہ - طرز - انداز
Attorney	اٹارنی - مختار
— at law	وکیل سرکاری - وکیل مختار
— , Power of	مختار نامہ
— , General	اٹارنی جنرل - مشیر قانونی
— in fact	مختار قطعی
Attorneyship	وکالت
Attribute	صفت - خصوصیت
Audience	سامعین - حاضرین
Audit	تنقیح
Auditor	تنقیح کنندہ
Auditorium	سماعت گاہ
Augmentation Court	عدالت اضافۂ محصول
Augsberg Confession	اعلان اگسبرگ
Augustene	اگستین
Augustinianism	اگسٹینیت
Augustus	اگسٹس
Authentic	مستند
Authenticate	تصدیق کرنا - توثیق کرنا
Author	مصنف
Authoritarian	حاکمانہ - تحکمانہ
Authoritarianism	حاکمیت

Authoritative	حاکمانہ - مستند
Authoritatively	مستند طور پر
Authorities	ارباب اقتدار - ارباب حل و عقد
Authority	۱ - ادارہ ۲ - اختیار - اقتدار ۳ - سند - شہادت
Authorization	اختیار نامہ
Authorize	اختیار دینا
Authorized	جائز - مجاز
— version	مستند ترجمہ
Autobiography	خود نوشت سوانح عمری
Autocracy	مطلق العنانی - شخصی حکومت
Autocrat	مطلق العنان - شخصی حاکم
Automatic	خودکار
Autonomous	خود مختار
Autonomy	خود مختاری
Auxiliary	امدادی
— activities	امدادی سرگرمیاں
— force	امدادی فوج
Average	اوسط
Averoes	ابن رشد
Averoism	مسلک ابن رشد
Avesta	اوستا
Avicena	ابن سینا
Avicennism	مسلک ابن سینا
Award	پیشکش - فیصلہ - حکم - تصفیہ
Axis powers	محوری طاقتیں

معاشیات و تجارت

Economics & Commerce

E

Earned income	مکسوب آمدنی
— , Surplus	فاضل مکسوب
Earner, Wage	اجیر
— , Profit	نفع کار
Earnest money	زر پیشگی۔ بیعانہ
Earning	کمائی - کسب - حاصل
— , Gross	جملہ کمائی - جملہ کسب
— , Net	خالص کمائی - خالص کسب
— of management	اکتسابات منتظمہ
— power	اکتسابی قوت
— statement	گوشوارہ اکتساب
— , Transfer	منتقلی حاصلات
Easement	حق آسائش
— , Private	نجی حق آسائش
— , Public	عام حق آسائش
Easy money	سہل زر
— payment	سہل ادائی
Econometrics	پیماشیات (پیمائی معاشیات)
Economic	(۱) معاشی (۲) کفایتی
— cycle	معاشی دور
— determinism	معاشی جبریت
— development	معاشی ترقی
— dis-organisation	معاشی بے نظمی
— dynamics	معاشی حرکیات
Economic freedom	معاشی آزادی
— friction	معاشی فرک - احتکاک - معاشی مزاحمت - معاشی خلل
— geography	معاشی جغرافیہ
— goods	معاشی اشیا
— growth	معاشی نمو
— insecurity	معاشی عدم تحفظ
— integration	معاشی استکمال
— interpretation of history	تاریخ کی معاشی تعبیر
— laws	معاشی قوانین
— man	معاشی انسان
— model	معاشی ماڈل
— nationalism	معاشی قوم پرستی
— planning	معاشی منصوبہ بندی
— rent	معاشی لگان
— science	معاشی علم
— statics	معاشی سکونیات
— statistics	(۱) معاشی شماریات (۲) معاشی اعداد و شمار
— status	معاشی رتبہ
— survey	معاشی جائزہ
— system	معاشی نظام
— theory	(۱) نظری معاشیات (۲) معاشی نظریہ

Economic thoughts — معاشی افکار
Economical — کفایتی
Economics — معاشیات
— , Agricultural — زرعی معاشیات
— , Development — ترقیاتی معاشیات
— , Dynamic — حرکی معاشیات
— , International — بین‌الاقوامی معاشیات
— , Labour — معاشیات محنت
— , Land — معاشیات زمین
— , Macro - — کلاں معاشیات
— , Mathematical — ریاضیاتی معاشیات
— , Micro — خورد معاشیات
— , Monetary — زر معاشیات
— , Static — سکونی معاشیات
— , Welfare — فلاحی معاشیات
Economies — کفایات
— , External — خارجی کفایات
— , Financial — مالی کفایات
— , Internal — داخلی کفایات
— , Managerial — انتظامی کفایات
— , Marketing — کفایات بازارکاری
— of scale — کفایات پیمانہ
— , Technical — فنی کفایات
Economist — معاشیات داں ـ عالم معاشیات ـ
Economy — (۱) معیشت (۲) کفایت
— , Capitalistic — سرمایہ‌دارانہ معیشت
— , Closed — بند معیشت
— , Collective — اجتماعی معیشت
— , Deficit — تخسیری معیشت
— , Depressed — کسادی معیشت
— , Developed — ترقی یافتہ معیشت

Economy , Developing — ترقی پذیر معیشت
— , Dual — دوگانہ معیشت
— , Emerging — ظہور پذیر معیشت
— , Free — آزاد معیشت
— , Free enterprise — آزاد کار اندازانہ معیشت
— , Futures — مستقبل کاروبار
— , Growing — نمو پذیر معیشت
— , Mixed — مخلوط معیشت
— , Pain — معیشت کلفت
— , Planned — منصوبہ بند معیشت
— , Pleasure — معیشت راحت
— , Political — اقتصادیات
— , Scarcity — معیشت قلت
— , Socialist — اشتراکی معیشت
— , Spot — حاضر کاروبار
— , Stationary — ساکن معیشت
— , Unplanned — غیر منصوبہ بند معیشت
— , Welfare — فلاحی معیشت
Effect — اثر
— , Cash-Balance — اثر تحویل نقد
— , Income — اثر آمد
— , Income - creating — آمدنی زا اثر
— , Price — اثر قیمت
— , Real - Balance — اثر تحویل اصلی
— , Revenue — اثر حاصلات
— , Substitution — اثر بدل
— , Trade-creating — تجارت زا اثر
Effective — موثر
— demand — موثر طلب
Efficient — کارگر

Efficiency	کارکری - کار کردگی
— expert	کارگری ماہر
— factor	عاملی کارکردگی - عامل کی کارگری
Egalitarian society	مساوات پسند معاشرہ
Elastic	لچکدار
— currency	لچکدار کرنسی
Elasticity	لچک
— , Arc	قوسی لچک
— , Cross	متقاطع لچک
— , Income	آمدنی لچک
— of demand	طلب کی لچک
— of substitution	بدل کی لچک
— of supply	رسد کی لچک
— point	نقطہ لچک
— price	قیمت لچک
Eligible investment	موزوں سرمایہ کاری
— paper	موزوں اعتبار نامہ
Eligibility certificate	موزونیت نامہ
Embargo	مناعت
Emergency fund	ہنگامی فنڈ
Emigrant	تارک وطن
Emigration	ترک وطن
Empirical	تجربی
— verification	تجربی تصدیق
Empiricism	تجربیت
Employee	اجیر
Employer	آجر
Employment	روزگار
— equilibrium	توازن روزگار
— ,Full	مکمل روزگار
— function	تفاعل روزگار
Employment , Overfull	بیش مکمل روزگار
— , Under	کم روزگار
Endogenous	دروں خلقی
Endorse	تظہیر
Endorsee	تظہیر الیہ
Endorsement	تظہیر
— , Absolute	مطلق تظہیر
— , Accomodation	تظہیر قرض دہی
— , Bank	بنکی تظہیر
— , Conditional	مشروط تظہیر
— , General	عام تظہیر
— in full	مکمل تظہیر
— , Irregular	بے قاعدہ تظہیر
— , Joint	مشترکہ تظہیر
— , Partial	جزوی تظہیر
— , Qualified	مشروط تظہیر
— , Restrictive	تحدیدی تظہیر
— , Special	خصوصی تظہیر
Endorser	تظہیر کار
Endowment, Factor	وقف وسائل
— , Insurance	عطا بیمہ
Enterprise	کار اندازی
— , Corporate	شرکاتی کاراندازی
— , Large scale	بڑے پیمانے کی کاراندازی
— , Private	نجی کاراندازی
— , Public	سرکاری کاراندازی
— system	نظام کاراندازی
Entertainment tax	تفریحی ٹیکس
Entrepot	عبوری بندرگاہ - عبوری گودام
Entrepreneur	کارانداز
Entry	(۱) داخلہ (۲) اندراج

English	اردو
Entry , Free	آزاد داخلہ
— register	رجسٹرانداج
Enumeration	شمار
Envelope curve	لفافی منحنا
Epistomology	علمیات ۔ معالیات
Equal	مساوی
Equalisation of income	تسویہ آمدنی
Equation	مساوات
Equi-	مساوی
Equilibrium	توازن
— , Consumers'	توازن صارف
— , Dynamic	حرکی توازن
— , General	کلّی توازن
— , Group	گروہ وار توازن
— , Initial	ابتدائی توازن
— of the firm	فرم کا توازن
— , Partial	جزوی توازن
— price	توازنی قیمت
— , Stable	استقلالی توازن
— , Static	سکونی توازن
— , Temporal	زمانی توازن
— , Temporary	عارضی توازن
— , Under employment	کم روزگاری توازن
— , Unstable	غیر استقلالی توازن
Equipment	ساز و سامان
Equity	(۱) انصاف (۲) کاروباری حصص (۳) اصل کاروباری حصہ
— annuity	حصصی سالیانہ
— capital	حصصی سرمایہ
— of redemption	حق انفکاک (راہن کا)
Equtiy shares	عام حصص
Equivalent	مساوی ۔ برابر
Erosion	کٹاؤ ۔ تسرف
Error	خطا
— and omisison excepted	بھول چوک معاف
Escape clause	دفعہ گریز
